سوال

(245) نماز کے دوران عورت کا سر ننگا ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز کے دوران میں اگر عورت کے کچھ بال ننگے ہوں تو کیا اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر نماز کے دوران میں کسی عورت کے کچھ بال یا کوئی معمولی بدن ننگا ہو جائے تو اکثر علماء کے نزدیک اسے نماز دہرانے کی ضرورت نہیں ہوتی، امام ابو حنیفہ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہما کا یہی مذہب ہے۔ لیکن بہت زیادہ بال یا جسم کا زیادہ حصہ ننگا ہو اور نماز کا وقت باقی ہو تو اکثر علماء اور ائمہ اربعہ کے نزدیک اسے نماز دہرانی چاہیئے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 229

محدث فتویٰ